DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i3.7140

شبلی کی نگاہ میں ہندوستان کے چند علمی و تعلیمی ادارے اور کتب خانے (نادر تحریروں کے حوالے سے)

محمد الیاس الاعظمی[❁]

Some Academic and Educational Institutes and Libraries of India Based on Shiblī's Rare Writings

Muhammad Ilyas al-Azmi[❁]

ABSTRACT: This paper investigates the multidimensional contributions of ʻAllāma Shiblī Nuʻmānī (1857–1914) to the intellectual and institutional landscape of colonial India, with a particular focus on his role in the organization, reform, and development of major libraries and educational institutions. Employing historical-documentary methodology, the study analyses Shiblī's original reports, correspondences, and reflections preserved in rare writings, many of which remained unpublished or unincorporated in standard biographical compilations. The research critically examines Shiblī's systematic evaluations and reformative proposals concerning renowned repositories of knowledge such as the Rampur Raza Library, Khuda Bakhsh Oriental Public Library (Patna), Asafia Library, and Dār al-Maʻārif al-Niẓāmiyyah in Hyderabad, and his foundational work for Nadwat-ul-Ulama in Lucknow. Shibli's approach reflects a sophisticated understanding of library science long before its formal academic institutionalization in South Asia. His insistence on classification by subject, cataloguing protocols, manuscript preservation, and reader accessibility demonstrates a rare blend of traditional Islamic scholarship with modern organizational acumen. Furthermore, the paper explores Shiblī's strategic involvement in academic councils and advisory committees, particularly his correspondence with influential contemporaries such as Nawāb Iqbāl Yār Jang and Ḥakīm Ajmal Khān, wherein he proposed curricular reforms and publication priorities grounded in the revival of classical Islamic texts. By situating these contributions within the broader reformist and modernist discourse of the late 19th and early 20th centuries, this study reaffirms Shiblī Nuʻmānī's stature not only as a literary and religious scholar but also as a visionary architect of Muslim educational infrastructure in British India.

Keywords: India, institutions, Shiblī, literature, research, library.

❁ رفیق اعزازی: دار المصنّفین شبلی اکیڈمی، اعظم گڑھ۔

❁ Honorary Fellow, Darul Musannifeen, Shibli Academy, Azamgarh, India. (azmi408@gmail.com)

Summary of the Article

This article presents a meticulous examination of ʻAllāmah Shiblī Nuʻmānī's intellectual involvement in several prominent educational institutions and libraries across British India. It highlights a relatively under-studied aspect of Shiblī's legacy—his passionate advocacy for the development and systematic organization of libraries and centres of learning. Unlike the mainstream focus on his literary works like *al-Māmūn*, *al-Fārūq*, *Shi'r al-'Ajam*, and *Sīrat al-Nabī*, this study uncovers his active role in library reform, curriculum design, and institutional planning.

The paper utilizes rare, unpublished, or dispersed writings and reports authored by Shiblī Nuʻmānī, including detailed observations and recommendations he made following his visits to leading libraries such as the Rampur Raza Library, Khuda Bakhsh Oriental Library (Patna), Asafia Library (Hyderabad), and educational institutions like Dār al-'Ulūm Nadwat al-'Ulamā' (Lucknow), and *Dā'irat al-Maʻārif al-Niẓāmiyyah* (Hyderabad).

At Rampur Raza Library, Shiblī conducted multiple inspections and compiled comprehensive reports. In a detailed memorandum written in 1888, he critiqued the chaotic arrangement of books and proposed a reorganization based on subject classification and cataloguing methods. He advocated for the preservation of rare manuscripts, the establishment of a dual referencing system (based on subject and alphabetical order), and the creation of a report documenting the library's historical and financial status. Many of these proposals were eventually adopted by the library administration, as noted by later scholars like Imtiyāz ʻAlī ʻArshī and Syed Sulaimān Nadvī.

In the case of Khuda Bakhsh Oriental Library, Shiblī expressed admiration for the rich manuscript collection, especially in *ḥadīth*, philosophy, and classical Arabic literature. He observed the library's physical and organizational excellence and praised its founder, Khuda Bakhsh Khan, for his extraordinary commitment and financial sacrifices in building a world-class repository. Shiblī's reflections provide comparative insights into Indian and international libraries, highlighting this institution's place among globally recognized centres of learning.

Shiblī's association with Dā'irat al-Maʻārif al-Niẓāmiyyah, Hyderabad, is also elaborated through a series of letters and memoranda written between 1894 and 1895. He responded to requests from Nawāb Iqbāl Yār Jang, proposing a strategic publication plan focused on classical Islamic texts, especially in Qur'ānic studies. Shiblī emphasized the revival of early Islamic scholarship over later compilations and suggested specific titles, locations for acquisition, and publication techniques to make the institution a beacon of Islamic learning.

The article further sheds light on his brief but insightful interaction with the Anjuman-e-Islam, Janjira, where he praised efforts to establish Islamic boarding schools for Muslim youth in remote regions. His observations, written in the form of short reports, reflect his deep concern with educational outreach and pedagogical reform.

Moreover, his visit to Niẓārat al-Maʻārif al-Qur'āniyyah, Delhi, founded by 'Ubaid Allāh Sindhī, illustrates his appreciation for modern Qur'ānic education aimed at reconciling traditional scholarship with contemporary needs. Shiblī lauded the initiative for training both madrasah-educated and English-educated Muslims in Qur'ānic studies, regarding it as a realization of the ideals once envisioned for Nadwa.

The article concludes with a focus on Shiblī's role in the Niẓārat al-Maʻārif, Bhopal, established under the patronage of Nawāb Sulṭān Jahān Baigam and administered by his close friend Nawāb Sayyid 'Alī Ḥasan Khān. Shiblī drafted detailed educational regulations and timetables for Bhopal's *madāris*, laying down guidelines for teachers' conduct, curriculum structure, and language instruction.

The article concludes that Shiblī was not only a literary and religious figure but also a pioneering educationist and an early theorist of library sciences in South Asia. His writings reflect keen observation, analytical approach, and a deep commitment to preserving and enhancing the intellectual infrastructure of Indian Muslims.

علامہ شبلی نعمانیؒ (۱۸۵۷ء–۱۹۱۴ء) کے ناقابل فراموش اور عظیم الشان کارناموں میں ایک اہم کام مختلف تحریکوں مثلاً علی گڑھ تحریک، مسلم ایجوکیشنل کانفرنس اور تحریک ندوہ میں شمولیت اور ان کے لیے جدوجہد بھی شامل ہے۔ان کے علاوہ ان کے تصنیفی کارناموں **المامون**، **الفاروق** اور **سیرۃ النبیؐ** سے اہل علم بہ خوبی واقف ہیں۔ اسی طرح فکری وفنی مباحث، **موازنۂ انیس ودبیر**، **شعر العجم** اوران کی اردووفارسی شاعری وغیرہ پر علی العموم اہل علم و قلم کی نظریں جاکر ٹھہر جاتی ہیں۔یہی سبب ہے کہ مطالعاتِ شبلی کا بڑا ذخیرہ انھی مباحث پر مشتمل ہے، حالاں کہ ان کے اور بھی نہایت اہم اور مہتم بالشان کارنامے ہیں۔انھی میں ایک ہندوستان کے نام ور کتب خانوں کی ترتیب و تنظیم اور بعض علمی و تعلیمی اداروں کے لیے اصول وضوابط کی ترتیب و تدوین اور نصابِ تعلیم کی تشکیل بھی شامل ہے۔بلاشبہ اُنھیں کتاب خانوں سے بے پناہ دل چسپی تھی۔ان کا سفر نامہ (روم ومصروشام) کتب ورسائل کی دل چسپی کے واقعات سے بھرا پڑا ہے۔خاص اپنے ملک کے ممتاز کتب خانوں کے شاید سب سے بڑے قاری علامہ شبلی ہی تھے۔مولاناسید سلیمان ندوی لکھتے ہیں:

ہندوستان کاشاید ہی کوئی کتب خانہ ہو جس کوانھوں نے باربار نہیں دیکھا۔رام پور کاسرکاری کتب خانہ، لکھنو میں مولوی حامد حسن صاحب کاکتب خانہ ،خدابخش خاں لائبریری بانکی پور،ایشیاٹک سوسائٹی لائبریری کلکتہ،کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد وغیرہ کے علاوہ لوگوں کے ذاتی کتب خانوں کی بھی سیر فرمایا کرتے تھے، بلکہ جب کسی شہر میں جاتے تھے

تو وہاں اگر کتابوں کا کوئی ذخیرہ کسی کے پاس ہو تا تو اس کو جا کر ضرور دیکھتے۔[1]

دارالعلوم ندوہ ان کی آرزوؤں کا مرکز تھا۔ انھوں نے سب سے زیادہ خدمت ندوہ کے کتب خانے کے لیے انجام دی۔ اپنی تمام نادر کتب جو قسطنطنیہ اور روم و مصر و شام سے لائے تھے، ندوہ کو دے دیں۔ پھر اپنے احباب کے کتب خانے ندوہ کے لیے ان سے حاصل کیے۔ اس کی تفصیل **حیات شبلی** میں درج ہے اور اہل علم و نظر اس سے بہ خوبی واقف بھی ہیں۔ ان کی ان کاوشوں کا ذکر اگرچہ ان کی سوانح **حیات شبلی** میں اختصار سے موجود ہے، تاہم ان کی اس سلسلے کی بعض نادر تحریریں **مقالات شبلی** میں شامل ہونے سے رہ گئی ہیں، جیسے رام پور رضا لائبریری یا خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ جو اس زمانے میں کتب خانہ بانکی پور کے نام سے شہرت رکھتا تھا، ان کے متعلق علامہ شبلی نے نہ صرف اپنے آرا و خیالات کا اندراج ان کتاب خانوں کی **کتاب الرائے** میں کیا ہے، بلکہ علاحدہ علاحدہ رپورٹیں اور یادداشتیں بھی تیار کی ہیں۔ چند ایسے ہی نادر کارناموں اور نادر و منتشر تحریروں کا، جو انھوں نے بعض علمی و تعلیمی اداروں اور کتب خانوں کے معائنے اور ان کی اصلاح و ترتیب کے لیے بہ طور عرض داشت کے لکھی ہیں، زیر نظر مقالے میں ان کا ذکر و مطالعہ پیش کیا جاتا ہے۔

کتب خانہ رام پور

کتاب خانہ رام پور جس کا موجودہ نام رام پور رضا لائبریری ہے، علامہ شبلی نے اس کا کئی بار سفر کیا۔ وہاں ٹھہرے اور اس سے متمتع ہوئے۔ پہلی بار تو ایک طالب علم کی حیثیت سے نام ور عالم و فقیہ مولانا ارشاد حسین مجددی رام پوری (م: ۱۰/نومبر ۱۸۹۳ء) سے علوم فقہ کی تحصیل و تکمیل کے لیے ۱۸۷۴ء میں گئے تھے، پھر اپنی علمی اور تحقیقی ضرورتوں اور نوابان رام پور کی خواہش پر کتاب خانے سے استفادے کے لیے متعدد بار جانا ہوا۔

کتاب خانہ رام پور دراصل نوابان رام پور کا شاہی کتاب خانہ تھا، جو بعد میں عوام کے لیے وقف کیا گیا، چناں چہ اس سے عام استفادے کے لیے سہولیات پیدا کرنے اور کتب خانے کی تزئین اور جدید ترتیب و تنظیم کے لیے وہاں کے حکم رانوں کے بلاوے پر علامہ شبلی نعمانی کم از کم تین بار رام پور گئے۔ پہلی بار ۱۸۸۸ء میں خان بہادر نواب سید مشتاق علی خاں (۱۸۵۶ء-۱۸۸۹ء) کے عہد حکومت میں مدارالمہام جنرل عظیم الدین خان بہادر شہید (شہادت: ۴/مارچ ۱۸۹۱ء) کی خواہش پر گئے۔ تین روز قیام کیا اور کتاب خانے کا معائنہ کرکے ایک مفصل

۱- سید سلیمان ندوی، **حیات شبلی** (اعظم گڑھ: دارالمصنفین، ۲۰۱۵ء)، ۱۳۷۔

یادداشت لکھی۔ مشہور محقق مولانا امتیاز علی خاں عرشی (۱۹۰۵ء– ۱۹۸۱ء) کو وہ رپورٹ ردی خانے (گودام) سے اتفاقاً مل گئی تھی، چناں چہ انھوں نے ماہنامہ **معارف** میں اسے شائع کرادیا ہے۔ **باقیات شبلی** میں بھی مشتاق حسین (سابق لائبریرین مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ) نے اسے **معارف** سے نقل کیا ہے۔[۲]

آج اگرچہ لائبریری سائنس (علم کتاب داری) نے بہت کچھ ترقی کرلی ہے اور علامہ شبلی کی تجاویز کی وہ اہمیت باقی نہیں رہی جو اس کے تیار کرنے کے وقت تھی، تاہم یہ تحریر علامہ شبلی کی ذہانت اور علم کتاب داری سے واقفیت، جو محض ان کے مطالعے و مشاہدے سے ہوئی تھی، ایک نمونہ ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ضمنی علوم میں اس قدر استعداد خداداد ہی کہی جاسکتی ہے۔ ایک اہم بات یہ بھی ہے کتاب خانوں کو مفید اور اہل علم کے لیے لائق استفادہ بنانے کے بارے میں علامہ شبلی کے تصور کی بہر حال مذکورہ تحریر سے توضیح ہوتی ہے۔ نام ور محقق و مصنف مولانا امتیاز علی خاں عرشی نے لکھا ہے:

> حسن اتفاق سے کتاب خانے کے ردی گھر (گودام) کا جائزہ لیتے وقت علامہ مرحوم کی پیش کردہ تجاویز کا مسودہ جو مولانا کے اپنے قلم کا تحریر کیا ہوا ہے، دست یاب ہوا؛ چوں کہ اس میں تنظیم و ترتیبِ کتب کے متعلق اہم تجاویز پائی جاتی ہیں، بنابریں اس کا مطالعہ نہ صرف اس لیے کہ وہ اردو زبان کے ایک بلند پایہ ادیب و مورخ کی تحریر ہے، بلکہ علمی و فنی حیثیت سے بھی مفید ہو گا۔[۳]

جانشینِ شبلی مولانا سید سلیمان ندویؒ (۱۸۸۴ء–۱۹۵۳ء) نے لکھا ہے کہ

> مولانا نے کتب خانہ کی ترتیب اور فہرست کی تحریر پر جو رپورٹ لکھی ہے وہ آج معمولی بات معلوم ہو گی مگر آج سے پچاس برس پہلے کا زمانہ سامنے لایئے، جب مشرقی کتب خانے نئی ترتیب سے ناآشنا تھے اور علما کے سامنے اس کام کا کوئی نمونہ نہ تھا، اس کتب خانے کی اس علمی ترتیب سے جو فیض علما اور اہل علم کو پہنچ رہا ہے وہ ان ہی جنرل (عظیم الدین خاں) مرحوم کی کوشش اور مولانا (شبلی) کے حسن تجویز کا فیض ہے۔[۴]

اسی اہمیت کی بنا پر کتاب خانہ رام پور سے متعلق وہ رپورٹ یہاں نقل کی جاتی ہے۔

۲– **ماہنامہ معارف** (اعظم گڑھ)، ۳۴: ۴، اکتوبر ۱۹۳۴ء، ۲۹۸–۳۰۱؛ مشتاق حسین، **باقیاتِ شبلی** (دہلی: کتاب گھر، ۱۹۶۴ء)، ۳۵–۳۷۔

۳– نفس مرجع، ۲۹۷۔

۴– ندوی، مرجع سابق، ۲۲۰۔

رپورٹ متعلق کتب خانہ ریاست عالیہ
مصطفی آباد رام پور

میں نے کتب خانہ سرکاری کو جو در حقیقت ریاست کی علمی فیاضیوں کی ایک حیرت انگیز یادگار ہے، دو تین دن میں جس قدر تحقیق و کاوش کی نگاہ سے دیکھنا ممکن تھا دیکھا۔ ایک شخص گو اس کی نظر کتنی ہی وسیع ہو، کتب خانے کے احاطے میں جاکر جب ان عزیز الوجود اور بیش بہا کتابوں کو دیکھے گا جن کو جستجو اور قدر دانی اور فیاضیوں نے دنیا کے مختلف حصوں سے لاکر وہاں جمع کر دیا ہے تو دفعتاً وہ حیرت زدہ ہو جائے گا، لیکن اسی کے ساتھ جب وہ کتب خانہ کی بے ترتیبی اور فہرست کی ناموزونی پر نظر ڈالے گا تو سخت افسوس کرے گا۔

اصلاح طلب امور کو میں دفعہ وار عرض کرتا ہوں اور امید ہے کہ وہ قبول کی نگاہ سے دیکھے جائیں گے۔

<u>دفعہ ۱:</u> سب سے بڑی بے ترتیبی یہ ہے کہ کتابیں الماریوں میں حروف تہجی کی ترتیب سے رکھی گئی ہیں، جس کا یہ نتیجہ ہے کہ **کتاب الخراج** قاضی امام ابویوسف کو جو نہایت عالی رتبہ تصنیف ہے، **کلیات رند** کے پہلو میں جگہ دی گئی ہے۔ کتب خانے میں ہر موقع پر یہ ناموزونی موجود ہے اور نہایت بدنما معلوم ہوتی ہے۔ میں نے بہت بڑے بڑے کتب خانے دیکھے ہیں، مگر مجھ کو کسی کتب خانے میں یہ ناموزوں ترتیب نہیں ملی ہے۔ سب سے مقدم یہ ہے کہ فن اور علم کے لحاظ سے فہرست مرتب کی جائے اور پھر اس میں حروف تہجی کا لحاظ ہو۔ فہرست کا نمونہ جو منشی امیر احمد صاحب (امیر مینائی) نے پیش کیا ہے، نہایت عمدہ ہے، لیکن جو خانہ 'مختصر خلاصہ' کا رکھا ہے اور اس میں مثال کے طور پر ایک کتاب کے تمام مضامین کا خلاصہ کیا ہے۔ یہ طریقہ چنداں ضروری نہیں ہے اور نہایت مشکل ہے کہ ہر کتاب کے متعلق ایسا خلاصہ تیار ہو سکے۔ میں کافی یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر ایسا کرنا ضروری خیال کیا جائے تو ریاست کو مولوی عبدالحق صاحب اور مولوی ارشاد حسین صاحب کو مجبورانہ تکلیف دینی پڑے گی۔ اس خانے میں تصنیف کے متعلق کسی قدر حالات لکھے جائیں، مثلاً اگر وہ کتاب تاریخ وغیرہ کی ہو تو یہ لکھا جائے کہ کس عہد سے کس عہد تک کی تاریخ ہے، کس قسم کے حالات ہیں۔ اگر اور فن کے متعلق ہو تو مصنف یا کتاب کی نسبت کوئی تاریخی امر لکھنا کافی ہوگا، لیکن یہ التزام ضروری نہیں اور اس پر خاص توجہ کی حاجت نہیں اور التزام میں بے انتہا دقت ہوگی۔

<u>دفعہ ۲:</u> فن کی ترتیب سے جو فہرست ہوگی اس کے ذریعے سے کتابوں کا نکالنا مشکل ہوگا، اس لیے حروف تہجی کی ترتیب سے بھی ایک فہرست موجود رہے، جیسا کہ عموماً کتب خانوں میں ایسی فہرست مرتب رہتی ہے

لیکن کتابوں کے رکھنے میں اس فہرست کا مطلق لحاظ نہ ہو۔

دفعہ ۳: ہر کتاب پر دو قسم کے نمبر قائم کیے جائیں۔ ایک بہ اعتبار فن اور ایک باعتبار حروف تہجی کے، لیکن فن کا نمبر اول قرار دیا جائے۔ مثال یہ ہے۔

کتاب الخراج نمبر فن: ۳۰ نمبر حروف تہجی: ۱۴۲

اس طریقے سے ہر فہرست میں دونوں نمبروں کا حوالہ دیا جائے تاکہ جو کتاب سرکار کو مطلوب ہو فوراً مل سکے اور جستجو کی زحمت نہ ہو۔

دفعہ ۴: اکثر کتابوں کے دو تین نام ہوتے ہیں، ایسی صورت میں جو نام مشہور اور معروف ہے اس کو اصل قرار دینا چاہیے اور دوسرا نام بھی اس کے ساتھ لکھ دیا جائے۔

دفعہ ۵: مجموعوں میں نہایت بے ترتیبی ہے۔ ان کی جلدیں توڑ کر یا تو ایک فن کے لحاظ سے یا مصنف کے لحاظ سے رسالے ایک میں مجلد کیے جائیں۔ موجودہ مجموعے ایسے ہیں جو نہ ایک خاص فن میں ہیں، نہ ایک مصنف کی تصنیف ہیں۔ اس بے ترتیبی سے کتب خانہ نہایت ناموزوں معلوم ہوتا ہے۔

دفعہ ۶: جو کتابیں محفوظ اور ریزرو قرار دی گئی ہیں ان میں صرف خوش خطی اور حیثیت ظاہری کا لحاظ کیا گیا ہے، حالاں کہ وہ کتابیں دراصل ریزرو قرار دی جاسکتی ہیں جو عمدگی مضمون، وقعت مصنف اور کم یابی کے لحاظ سے قابل قدر ہوں۔ میں نے نہایت نادر الوجود کتابوں کو دیکھا ہے کہ وہ عام کتابوں کے ساتھ رکھی ہوئی ہیں۔ ایسی تمام کتابیں چھانٹ کر الگ کی جائیں اور ان کے لیے ایک خاص الماری ہو۔ مدرسۃ العلوم (علی گڑھ) میں اس قسم کی کتابیں ایک نہایت مضبوط آہنی صندوق میں رکھی گئی ہیں۔ لندن میں فولادی الماریاں مخصوص ہوتی ہیں، لیکن اس قسم کی کتابوں کا انتخاب کرنا ایک مستعد اور وسیع النظر عالم کا کام ہے اور میں علانیہ کہتا ہوں کہ کتب خانہ کا موجودہ اسٹاف اس کام کے بالکل لائق نہیں ہے۔

دفعہ ۷: جو فہرست سردست مرتب ہے یا ہو رہی ہے، اس میں تفصیل فن کے متعلق سخت غلطیاں ہیں۔ اس سے زیادہ کیا تعجب انگیز بات ہوگی کہ 'قصہ' کو ایک فن قرار دیا گیا ہے اور **مخزن اسرار نظامی** جو تصوف واخلاق کی نہایت عمدہ تصنیف ہے، اس کو قصہ کے ذیل میں لکھا ہے۔ یہ ایک خاص مثال ہے۔ ایسی بہت سی مثالیں مل سکتی ہیں۔ اس پر خاص لحاظ ہونا چاہیے۔

دفعہ ۸: کتابیں صرف ایک لائن میں رکھی جائیں۔ موجودہ صورت میں نہایت تکلیف ہوتی ہے اور دوسری لائن کی کتابیں جو بالکل اوٹ میں ہیں، ان کا دیکھنا متعذر ہے۔

دفعہ ۹: الماریاں عموماً شیشے کی ہونی چاہییں۔

دفعہ ۱۰: کتب خانے کی ایک رپورٹ مرتب کی جائے جس میں یہ مراتب ہوں۔

کتب خانہ اولاً کس وقت قائم ہوا۔ ہر عہد ریاست کی مخصوص ترقیاں، کل کتابیں کس قدر ہیں، قلمی کس قدر، مطبوعہ کس قدر، عمدہ کتابیں باعتبار حیثیت ظاہری کے کس قدر، عمدہ کتابیں بہ اعتبار عمدگی مضمون اور کم یابی کے کس قدر، ملازمین کتب خانہ کا شمار اور ان کی تنخواہیں، سالانہ صرف کتب خانہ، اس قسم کے اور حالات، بعض حالات شاید معلوم نہ ہو سکیں، ان میں تخمینے پر اعتماد کرنا ہو گا۔ یہ رپورٹ عمدہ مطلاً جلد بندھ کر کتب خانے میں رکھی جاوے۔

دفعہ ۱۱: پرانی جلدوں کا ایک بار نیا ہو جانا ضرور ہے تاکہ سابق نقصانات کی ترقی کا راستہ بند ہو جائے، اس لیے کہ گو موجودہ احتیاط اور حفاظت آئندہ نقصان پہنچنے سے مانع ہے، لیکن جن کتابوں کے پشتے اور شیرازے میں کیڑا اثر کر چکا ہے ان کا بندوبست ضرور ہے۔ ورق گردانی سے (جس کو میں نے خود دیکھا) اس نقصان سابقہ کی ترقی کا انسداد نہیں ہو سکتا، اس لیے کہ پشتہ کے اندر کا کیڑا، بغیر شیرازہ کھلنے اور جلد بندھنے کے جا ہی نہیں سکتا۔ تدریجاً جو جلدیں بندھا کرتی ہیں اور جن کی کیفیت مجھ کو دریافت ہوئی، اگر اسی پر اکتفا ہو گی تو بہت سی کتابیں جب تک ان کی جلد بندھنے کی نوبت آئے ناقص تر ہو جائیں گی، اس لیے جلد تر ایسی کتابوں کی جلدیں نئی بندھ جانا ضرور ہے اور نہایت ضرور ہے۔

دفعہ ۱۲: جو کتابیں خلاف تہذیب ہوں یا چھپی ہوئی کتابوں کے متعدد نسخے ہوں خارج کر دی جائیں لیکن قلمی کتابیں اس وجہ سے ہرگز نہ خارج کی جائیں کہ وہ ناقص اور ناتمام ہیں، ممکن ہے کہ وہ نہایت عمدہ کتابیں ہوں اور اسی قدر حصے کا موجود ہونا غنیمت سمجھا جاوے، ایسی کتابیں اکثر کتب خانہ میں اس وقت موجود ہیں اور موجود رہنا چاہیے۔ ہاں جو کتابیں عام اور معمولی ہیں وہ ناقص ہوں تو خارج کر دی جائیں۔

دفعہ ۱۳: اس قسم کی فہرست اور ترتیب کے لیے جو ضروری ہے اور جس کی طرف خدام والا کا خیال بھی مائل ہے، ضرور ہے کہ چند مدت کے لیے کوئی لائق اور مستعد عالم شخص مقرر کیا جائے اور موجودہ اسٹاف اس کی نگرانی میں کام کرے۔ ایسے بڑے کتب خانہ کے لیے تھوڑا سا صرف اور بھی کرنا غالباً ضرور ہے اور نہایت ضرور ہے۔

یہ مراتب میں نے کسی قدر عجلت کی حالت میں عرض کیے ہیں۔ اگر ان امور کی نسبت مجھ سے کوئی زائد

آگاہی مقصود ہوگی تو میں نہایت دلی رغبت کے ساتھ بذریعہ تحریر کے عرض کرسکوں گا۔

محمد شبلی نعمانی

عربک پروفیسر مدرستہ العلوم علی گڑھ

محرر ۱۴/ اکتوبر ۱۸۸۸ء[۵]

علامہ شبلی کی درج بالا تجاویز پر عمل درآمد ہوااوراس کے مطابق کتاب خانے کوڈھالنے کی کوشش کی گئی۔مولاناامتیاز علی خاں عرشی نے لکھاہے:

علامہ مرحوم کی اکثر تجاویزاصلاحات پر عمل کیاگیا۔کتابیں زبان اور فن پر تقسیم ہوئیں۔متعدد مجموعے بھی از سر نو مرتب کیے گئے اور سرکار مرحوم نے کتاب خانہ کے لیے نئی عمارت تیار کرائی۔[۶]

علامہ شبلی نے ۱۸۹۰ء کورام پور کاایک اورسفر کیا۔اس دفعہ انھوں نے کتاب الرائے میں اپنے تاثرات بھی لکھے کہ:

میں نے کتب خانے کوکسی قدر تفصیل سے دیکھا،چوں کہ میں کتب خانے کی ایک مفصل رپورٹ لکھناچاہتاہوں ،اس لیے اس موقع پر اسی قدر لکھناکافی ہو گا کہ یہ ایک بے مثل کتب خانہ ہے۔منتظمانِ کتب خانہ مستعد اور کارگذار ہیں، خصوصاً مہدی علی خاں صاحب کواس قدرواقفیت اور تجربہ ہے کہ ایسے عظیم الشان دارالکتب کی ایک ایک کتاب کانمبرونشان اوراس کی حالت گویاان کی آنکھوں کے سامنے ہے۔فہرست کی اگر معقول ترتیب ہوجائے تونہایت آسانی ہو،مولوی عبداللہ صاحب نے بہت کچھ کام کیاہے جو قابل مدح ہے،لیکن ابھی بہت کچھ کرنا ہے۔

محمد شبلی نعمانی

پروفیسر مدرستہ العلوم علی گڑھ

۹/ ستمبر ۱۸۹۰ء[۷]

علامہ شبلی نے تیسری اورآخری بار۶اپریل ۱۹۱۴ء کووفات سے سات آٹھ ماہ پہلے کتب خانہ رام پور کا معائنہ کیااورکتاب الرائے میں دوسری بار تاثرات لکھے۔جو درج ذیل ہیں:

میں اس کتب خانے سے بارہا متمتع ہواہوں،ہندوستان کے کتب خانوں میں اس سے بہتر کیااس کے برابر بھی کوئی کتب خانہ نہیں۔میں نے روم ومصر کے کتب خانے بھی دیکھے ہیں،لیکن کسی کتب خانے کو مجموعی حیثیت سے میں نے اس سے

۵۔ **ماہ نامہ معارف**،اکتوبر ۱۹۳۴ء ۳۱۰– ۳۹۸۔

۶۔ نفسِ مرجع،۳۰۱۔

۷۔ سید احمد حسین، مرتب، **رویداد کتب خانہ رام پور**،۵۸۔

افضل تر نہیں دیکھا۔ اہل کاران کتب خانہ کی محنت اور وسعت اطلاع کی داد دینی چاہیے، خصوصاً مہدی علی خاں صاحب تو خود ایک زندہ کتب خانہ ہیں۔

شبلی نعمانی

۶/اپریل ۱۹۱۴ء[۸]

کتب خانہ رام پور سے متعلق علامہ شبلی کی درج بالا تحریریں غیر مدون ہیں، یعنی علامہ شبلی کی تحریروں کے کسی مجموعے مرتبہ مولانا سید سلیمان ندوی دارالمصنّفین اعظم گڑھ میں شامل نہیں ہیں۔

علامہ شبلی پہلی بار ۱۸۸۸ء میں جنرل عظیم الدین خاں کے بلانے پر رام پور گئے تھے، پھر ان سے ایسی محبت ہو گئی تھی کہ جب ان کی شہادت کا واقعہ پیش آیا تو انھیں بڑا صدمہ پہنچا، چناں چہ علامہ شبلی نے فارسی میں ان کا بڑا پر درد مرثیہ لکھا جو فارسی کلیات میں شامل ہے۔ راقم نے اپنی مرتبہ کتاب **علامہ شبلی کی تعزیتی تحریریں** میں اس مرثیے کو جنرل عظیم الدین خاں کے معمولی تذکرے کے ساتھ شامل کیا ہے۔

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ جب کتب خانہ بانکی پور تھا، علامہ شبلی نے اس کا بارہا سفر کیا اور اس سے اپنی علمی تشنگی بجھائی۔ ایک سفر اور معائنۂ کتب خانہ خدا بخش کی تفصیل سید علی امام کے قلم سے سنیے۔ وہ لکھتے ہیں:

خدا بخش مرحوم بڑی دل کش شخصیت کے مالک تھے اور قدیم اسلامی تہذیب کے سانچے میں ڈھلے ہوئے تھے، انھیں دیکھ کر مجھے وہ تصویریں یاد آجاتی تھیں جو داستان الف لیلہ کی ایک مصور جلد میں میں نے کہیں دیکھی تھیں۔ عجیب اتفاق ہے جب میں پہلی بار ان سے ملا ہوں اسی دن ہندوستان کے مشہور عالم مولانا شبلی نعمانی سے بھی میری پہلی ملاقات ہو گئی جو اس وقت خدا بخش مرحوم کے مہمان کی حیثیت سے ان کے پاس ٹھہرے ہوئے تھے۔ ہم سب نے مل کر ایک کھلے میدان میں چائے پی۔ یہاں سے لہلہاتی فصلوں کے بڑے بڑے کھیت نظر آتے تھے۔ ان کے پرے دریائے گنگا کا پانی لہریں لے رہا تھا۔ ان کا نایاب خزانہ بہترین قلمی کتابوں کی صورت میں مولانا شبلی نعمانی کے ملاحظہ کے لیے پھیلا ہوا تھا اور مولانا ایسی چیزوں کے مانے ہوئے ماہر سمجھے جاتے تھے۔ ایک کے بعد دوسری نایاب و نادر کتاب اٹھائی گئی اور اس کا معائنہ ہوتا رہا۔ جب تک یہ شغل جاری رہا میں گویا مبہوت و مسحور انھیں بیٹھا دیکھتا رہا۔ نادر چیزوں کے جمع کرنے کا فخر، انھیں پرکھنے کا جوش و خروش اور قدیم چیزوں کی محبت سے خدا بخش مرحوم کا چہرہ دمک رہا تھا۔ کچھ ایسی ہی کیفیت مولانا شبلی نعمانی کے چہرے سے جھلکتی تھی جو اس وقت مجھے اسلامی تہذیب اور علمی تبحر کا مجسمہ نظر آتے تھے۔[۹]

۸۔ **ماہ نامہ معارف**، اکتوبر ۱۹۳۴ء، ۳۰۲۔

۹۔ وی سی اسکاٹ او کونز، **ایک مشرقی کتب خانہ**، ترجمہ، سید مبارز الدین رفعت (علی گڑھ: انجمن ترقی اردو، س ن)، ۹۔

کتب خانہ خدا بخش کے بانی مولوی خدا بخش خاں (۱۸۴۲-۱۹۰۸) سے بھی علامہ شبلی کے گہرے مراسم تھے۔ علامہ نے کتب خانہ خدا بخش خاں سے متعلق زیر نظر تحریر غالباً بطور مضمون کے علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں لکھی تھی اور ان کے کسی مجموعہ مقالات میں شامل نہیں ہے۔

مولوی خدا بخش خاں عظیم آبادی کا کتب خانہ

ایک مدت سے ہم اس کتب خانے کا شہرہ سنتے تھے۔ دہلی اور لکھنؤ میں بعض تاجر ہیں جو قلمی نایاب کتابیں جابجا سے بہم پہنچاتے ہیں اور ان کو نہایت گراں قیمت پر بیچتے ہیں، ہم جب کبھی ان سے ملے اور کم یاب نسخوں کی فرمائش کی تو انھوں نے کہا کہ اس قسم کی کتابیں سب سے پہلے مولوی خدا بخش خاں کے پاس جاتی ہیں، کیوں کہ ہمارے ملک میں کوئی شخص ان سے زیادہ قیمت نہیں دے سکتا۔ ان باتوں نے ہم کو کتب خانۂ مذکور کا نہایت مشتاق بنا رکھا تھا۔ اسی شوق نے آخر پٹنہ پہنچایا اور چار دن تک وہاں رہ کر ہم نے اس نادر کتب خانے کی سیر کی۔ اس بات کا افسوس رہا کہ فرصت نہایت کم تھی۔ سینکڑوں بیش بہا کتابیں تھیں اور ہمارا یہ حال تھا کہ

بداں پروانہ می مانم کہ افتد در چراغانے

ممالک اسلامیہ میں جو مقامات اسلامی تصنیفات کے مخزن سمجھے جاتے ہیں وہ حرمین، قاہرہ، دمشق، قسطنطنیہ ہیں۔ قاہرہ کے کتب خانہ خدیو کی فہرست تین جلدوں میں چھپ کر حال ہی میں شائع ہوئی ہے۔ قسطنطنیہ میں کم و بیش ساٹھ کتب خانے ہیں، جن میں سے اکثر کی فہرستیں **کشف الظنون** (مطبوعہ لندن) کے اخیر میں ہیں۔ حرمین کے کتب خانے ہم نے خود دیکھے ہیں اور ان سے فائدہ اٹھایا ہے۔ ہندوستان میں بھی چند عمدہ کتب خانے موجود ہیں، اگرچہ ان کتب خانوں کی حیثیتیں اور خصوصیتیں مختلف ہیں اور اس وجہ سے ان میں موازنہ نہیں ہو سکتا، تاہم اجمالاً یہ کہا جا سکتا ہے کہ مولوی خدا بخش خاں کا کتب خانہ جس کا اس وقت ہم ذکر کر رہے ہیں اپنی خصوصیتوں کے لحاظ سے روم و مصر و عرب و ہند کے نام ور کتب خانوں کی صف میں جگہ پانے کے قابل ہے۔ مولوی خدا بخش خاں نے جس اہتمام اور زرِ خطیر کے صرف سے کتابیں بہم پہنچائی ہیں اس کی نظیر سے تمام ہندوستان خالی ہے۔ کیا یہ کچھ کم تعجب کی بات ہے کہ ایک معمولی حیثیت کا وکیل جس کے پاس کچھ جائیداد نہیں ہے اور جس کی آمدنی صرف ضلع کی وکالت پر محدود ہے، ایک کتب خانہ کی تیاری میں ڈیڑھ لاکھ روپیہ صرف کر دے۔ بے شبہ ایسا اولوالعزم شخص ان نامور قدیم مسلمانوں کا نمونہ قرار دیا جا سکتا ہے جن کی حوصلہ مندیوں کا ہم افسانہ سنا کرتے ہیں۔

اس آرٹیکل میں ہم کتب خانے کی ایک مختصر رپورٹ پیش کر کے ان خصوصیتوں کو کسی قدر تفصیل کے

ساتھ لکھتے ہیں جن کی وجہ سے کتب خانے نے یہ نام وری حاصل کی ہے۔

کتب خانے کی بنیاد اول مولوی خدا بخش خان کے والد مرحوم مولوی محمد بخش نے ۱۸۲۸ء میں رکھی، جب انھوں نے انتقال کیا تو ایک ہزار چار سو کتابیں کتب خانہ میں موجود تھیں جن میں اکثر قلمی تھیں۔ ان کی وفات کے بعد مولوی خدا بخش خاں نے نہایت اہتمام سے ان پر توجہ کی۔ عرب، مصر، فرانس، لندن اور ہندوستان کے مختلف اطراف سے کتابیں بہم پہنچائیں۔ ۱۸۹۰ء تک وہ ایک پرائیویٹ کتب خانہ کی حیثیت رکھتا تھا۔

۲۴/ نومبر ۱۸۹۰ء کو ایک عام جلسہ اس مکان میں منعقد ہوا جس کو مولوی خدا بخش خاں نے لائبریری کی غرض سے تعمیر کرایا ہے۔ نواب احمد قلی خاں جلسے کے پریسیڈنٹ تھے اور شہر کے بڑے بڑے امرا و بزرگ شریک تھے۔ سکریٹری نے اول اس خط و کتابت کا مضمون پڑھا جو کتب خانے کے انتظام کی بابت گورنمنٹ سے ہوئی تھی، پھر باتفاق رائے طے ہوا کہ کتب خانہ پبلک کا قرار دیا جائے اور فلاں فلاں اشخاص اس کتب خانے کے ممبران انتظامی کمیٹی قرار پائیں۔ (پٹنہ گزٹ مطبوعہ ۵/ دسمبر ۱۸۹۰ء نے ان لوگوں کے نام تفصیلاً لکھے ہیں۔)

دوسرا رزولیوشن یہ پاس ہوا کہ سر اسٹوارٹ بیلی لفٹنٹ گورنر نے کتب خانہ کے ساتھ جو ہم دردی ظاہر کی ہے اور اس کو ہم دردی ہے، اس کے شکریے کی چٹھی ان کی خدمت میں ارسال کی جائے۔

کتب خانہ کی ماہوار آمدنی جو اس کے انتظامی مصارف کے لیے درکار ہے اس وقت تک سوا سو روپیہ کے قریب ہے، اس میں پچاس روپیہ ماہوار گورنمنٹ کی اعانت ہے، جس کو لفٹنٹ گورنر سر اسٹوارٹ بیلی نے بذریعہ ایک باضابطہ چٹھی کے منظور کیا ہے۔ باقی پچیس روپیہ ماہوار کی جائیداد میر ابو صالح زمیندار کڑا ضلع گیا نے وقف کیا ہے۔

اس کے علاوہ چندے کا سرمایہ ہے جس کی تعداد وصول شدہ اس وقت تک ساٹھ ہزار آٹھ سو روپیہ ہے۔ اس سے پہلے ایک پبلک کتب خانے کے لیے عام چندہ ہوا تھا، جس میں دو ہزار پانسو روپیہ جمع ہو گئے تھے، وہ روپیہ گورنمنٹ میں جمع تھا۔ گورنمنٹ نے وہ رقم بھی اسی کتب خانے کو عنایت کر دی۔ کتب خانے کی بڑی خوش قسمتی یہ ہے کہ پٹنہ کے بڑے بڑے معزز رئیس اس کے حامی ہیں، جن میں جناب قاضی سید رضا حسین کا نام بھی شامل ہے جو اپنی قومی فیاضیوں کی وجہ سے ہر ایک قسم کی عزت اور شہرت کے مستحق ہیں۔

کتب خانے کا مکان نہایت خوب صورت اور عالی شان ہے۔ ایک طرف کے برآمدے کا تمام فرش سنگ مرمر کا ہے۔ باقی فرش سنگ سپید سنگ سیاہ کی منبت کاری ہے۔ الماریاں نہایت قرینے سے سجائی گئی ہیں۔ میز کوچ اور بہت سی خوب صورت کرسیاں ہر کمرے میں موجود ہیں۔

جس قدر کتابیں اس کتب خانے میں موجود ہیں، ان کی تین قسمیں قرار دی جا سکتی ہیں۔ وہ کتابیں جو

ہندوستان میں نایاب ہیں اور اپنے باب میں اعلیٰ درجے کی تصنیفیں ہیں، ان میں سے چند کے نام یہ ہیں۔

فن حدیث ورجال میں

أطراف مزي *تمام وکمال درچار جلد*، **النكت الظراف على الأطراف** لابن حجر، **الأدب المفرد** للبخاري، **الإلمام بأحاديث الأحكام** لابن دقيق العيد، **كتاب العلل** للدار قطني، **كتاب الأسماء والصفات** للبيهقي، **المستدرك** للحاكم، **الجمع بين الصحيحين** لعبد الحق الإشبيلي الأندلسي المتوفى **٥٨٢هـ** ، **تلخيص الحبير** للحافظ ابن حجر، **الكاشف** للذهبي، **بغية العلماء والرواة** للسخاوى، **طبقات أبي يعلى، طبقات ابن رجب الحنبلي، تاريخ ابن عساكر الدمشقي** *ناقص*، **مراتب الإجماع** لابن حزم الظاهري.

ادبیات میں

تهذيب اللغات للأزهري، **جمهرة ابن دريد في اللغة، خصائص ابن جني، شرح ديوان المتنبى** *از ابن جنی*، **الجامع الكبير** لابن الأثير الجزري، **شرح الحماسة** للمزروقي، **شرح القصائد التسع المشهورات** لأبي جعفر النحاس، **شرح المفتاح للسكاكي** *از سید شریف وعلامہ تفتازانی*، **نزهة الألباب، كتاب المصادر** لأبي بكر محمد بن عبدالله البستي، **البرهان في إعجاز القرآن أو بديع القرآن** لابن ابي الاصبع.

فلسفہ وطب میں

الشفاء *بو علی سینا تمام وکمال*، **مجموعة رسائل الفارابي، رسائل أرسطو** *مترجمہ در عربی*، **منطقيات أفلاطون،** ***مکالماتِ افلاطون*****، رسالة يعقوب الكندي، رسالة إسكندر فردوسي، أثولوجيا لأرسطو، ما اختصره حكماء الإسكندرية من كتب أرسطو، المباحث المشرقية للإمام الرازي، كتاب سنان بن ثابت في حركات الشمس، كتاب أ رشميدس ، تعليقات ابن سينا،تلويحات شيخ الإشراق،خمسة باقر داماد،شرح التلويحات لابن كمونة، كنزالفوائد حنين بن إسحاق،من لا يحضره الطبيب لأبي بكر الرازي، كناش بقراط،شرح عبداللطيف البغدادي برفصول بقراط، كتاب الأدوية لديسو فريدرس مترجمة اصطفن بن بسيل،كتاب**

التشريح والآلات لابن الزہراوي مصور ،**رسائل أبي ريحان البيروني وإبراهيم بن سنان ثابت بن قرة في سائر الأعمال الهندية۔**

ان کے علاوہ فقہ واصول و قراءت میں اور بہت سی نایاب کتابیں ہیں جن کو ہم اختصار کی وجہ سے قلم انداز کرتے ہیں۔

دوسری قسم کی وہ کتابیں ہیں جو نہایت قدیم زمانے کی لکھی ہوئی ہیں اور بلحاظ قدامت کے ایک یادگار خیال کی جاسکتی ہیں۔ قشیری کا ایک رسالہ ہے جو ۴۳۷ھ کا لکھا ہوا ہے۔ ایک قرآن ہے جس پر سن کتابت نہیں لکھا ہے لیکن قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہؓ کے زمانے کا لکھا ہوا ہے۔ خط کوفی اور کاغذ نہایت قدیم ہے، جابجا حرف اڑ گئے ہیں۔ بہت بڑا قرینہ یہ ہے کہ تمام قرآن میں کہیں زیر وزبر، رکوع وغیرہ نہیں ہے، اس کے علاوہ یہ ترتیب بھی نہیں ہے۔ گمان ہوتا ہے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے نسخے کی نقل ہے۔ ان کے علاوہ اور متعدد کتابیں جو آٹھ آٹھ سو برس کی لکھی ہوئی ہیں۔

تیسری قسم کی وہ کتابیں ہیں جو کسی مشہور کاتب یا خود مصنف کی یا مصنف کے زمانے کی لکھی ہوئی ہیں یا بڑے علما کے استعمال میں رہی ہیں اور ان کے دست خط واجازت سے مزین ہیں۔ ہمارے ملک میں تو اس قسم کی چیزوں کی چنداں قدر نہیں، لیکن یورپ میں ان چیزوں کو یادگار سمجھا جاتا ہے اور ان کے بہم پہنچانے میں لاکھوں روپیہ خرچ کیا جاتا ہے۔ تھوڑے دن ہوئے کہ لندن میں ایک قلمی کتاب چودہ ہزار روپیہ کو بکی، جس کی خوبی صرف یہ تھی کہ وہ نہایت قدیم زمانے کی لکھی ہوئی تھی۔ جہاں تک ہم کو معلوم ہے ہندوستان میں صرف مولوی خدابخش خاں ایسے شخص ہیں جنھوں نے ان چیزوں کے لیے زرِ خطیر صرف کرنے میں یورپ کی حوصلہ مندیوں کا مقابلہ کیا ہے۔ اس قسم کی کتابوں میں ایک قرآن ہے جو یاقوت مستعصمی کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ یاقوت خلیفہ مستعصم باللہ عباسی کے عہد کا مشہور خطاط تھا۔ دعاے سیفی کا ایک نسخہ بھی یاقوت کے ہاتھ کا لکھا ہوا موجود ہے، اس نسخے پر کتب خانہ شاہ جہانی وعالمگیری کی مہریں ہیں۔ شاہ جہاں کی مہر کے نیچے لکھا ہوا ہے: ”سی صد و پنجاہ و پنج روپیہ“۔ قصیدہ بردہ نوشتہ قاضی ظہراے جیلی جو انھوں نے بایزید یلدرم کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ شاہنشاہ نامہ یعنی محمد ثالث کی فتوحات، یہ نسخہ نہایت اہتمام سے خود محمد ثالث نے لکھوایا تھا۔ تمام مطلا و مذہب اور کل معرکوں کی طلائی تصویریں بنی ہیں۔ تاریخ تیموریہ، اس نسخے پر شاہجہاں کے دستخط ہیں اور لوح پر لکھا ہے کہ

”حکم والا صادر شد کہ قیمت ایں کتاب یک صد و پنجا مہر قرار یافت۔“

اس میں بھی تمام معرکوں کی طلائی تصویریں بنی ہیں اور مختلف مصوروں کے ہاتھ کی ہیں، ہر موقع پر

مصور کا نام بھی لکھا ہے۔ مولوی خدا بخش خاں نے یہ دونوں نسخے تین ہزار پانچ سو روپیہ کو خریدے ہیں۔ بہت سی حدیث و فقہ کی کتابیں ہیں جن پر حافظ ابن حجر، جلال الدین سیوطی، ابن فہد ہاشمی، جمال الدین محدث اور بڑے بڑے اساتذہ کے دست خط ہیں۔

ابن عساکر کی **تاریخ دمشق** نہایت نایاب کتاب ہے، اس کی دو جلدیں یہاں موجود ہیں اور مصنف کے نسخۂ مقرو سے منقول ہیں۔ دیوان جامع خود مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ باقر داماد و بہاء الدین عاملی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی بیاضیں ہیں۔ **نہایت ادراک** پر خود مصنف و جلال الدین دوانی و غیاث منصور کے دستخط ہیں۔ اس قسم کی سیکڑوں کتابیں ہیں۔

یہ کتب خانہ جس فیاضی اور زر خطیر کے صرف سے تیار ہوا ہے، اس کے اندازہ کرنے کے لیے ہم بعض کتابوں کی قیمت لکھتے ہیں جو مالک کتب خانہ نے ادا کی۔

قرآن مجید وجوشن کسر

اعہ صماحمائل شریف،الس، قرآن شریف،سما،جامع الاصول،الس،مجالس خمسہ سعدی مزین بدستخط شاہجہاں،اہما،کلیات خاقانی،صہ عہ پونڈ،شیوخ بخاری،ماصہ، کتاب سیبویہ،ماص عہ، طبقات ابویعلیٰ نوشتہ ۶۳۷ھ، مااللعہ۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ کتب خانہ پٹنہ اور پٹنہ والوں کے لیے بڑے فخر کی چیز ہے، بلکہ ہندوستان کے عام مسلمان اس پر فخر کر سکتے ہیں۔ ہم نے اس کی کیفیت کے بیان کرنے میں بہت اختصار سے کام لیا ہے۔ جب اس کی فہرست جو آج کل زیر طبع ہے، چھپ کر شائع ہو گی تو لوگوں کو اس کی خوبیوں سے پوری اطلاع حاصل ہو گی۔

ہم مولوی خدا بخش خان صاحب کو ان کی اس کام یابی پر دل سے مبارک باد دیتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ ان کے شہر میں ایسے لوگ پیدا ہوں جو اس دولت کی قدر کریں اور اس سے فائدہ اٹھائیں۔

شبلی نعمانی

۲۳ر فروری ۱۸۹۹ء[۱۰]

دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد

دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن، مشہور علمی و تصنیفی اور مایہ ناز اشاعتی مرکز تھا، جسے ہندوستان میں بے شمار قدیم عربی مصادر و مراجع کی اشاعت کا فخر حاصل ہے۔ دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد ۱۸۸۰ء میں نواب

---

۱۰ - (علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۴ر فروری ۱۸۹۲ء، ص:۲۲۸-۲۳۰) (م)۔

عماد الملک سید حسین بلگرامی (۱۸۴۴ء–۱۹۳٦ء)، ملاعبدالقیوم (۱۸۵۳ء– ۱۹۰٦ء) مولانامحمد انوار اللہ خاں (۱۸۴۸ء– ۱۹۱۷ء) وزیر مذہبی امورریاست حیدرآباد وبانی جامعہ نظامیہ حیدرآباد کی تحریک پر قائم ہوا۔ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباددکن کے قیام میں بھی ان بزرگوں کے آراوخیالات شامل تھے۔ سرسید، مولاناحالی اور علامہ شبلی اس دائرۃ المعارف کے اراکین میں شامل تھے۔ دائرہ کو فعال بنانے کے لیے اس کے ذمے داروں نے اہل علم ودانش سے تجاویزاور مشورے طلب کیے۔ ۱۸۹۴ء میں علامہ شبلی سے مجلس دائرۃ المعارف کے ذمے داروں بالخصوص نواب اقبال یارجنگ (م:۱۳/اپریل۱۹۰۳ء) نے خط وکتابت کی جواتفاق سے محفوظ رہی اور معارف میں شائع ہوگئی ہے، لیکن یہ یک طرفہ ہے، یعنی جومکاتیب اقبال یارجنگ کی طرف سے علامہ شبلی کولکھے گئے وہ تومحفوظ نہیں رہے لیکن علامہ نے جومکاتیب اوریادداشت لکھے وہ شائع ہوگئے ہیں۔ علامہ کے یہ مکتوبات ناچیز کے مرتبہ مجموعہ مکاتیب **مکتوبات شبلی** میں شامل ہیں۔

علامہ شبلی سے نواب اقبال یارجنگ[۱۱] نے خواہش کی کہ وہ دائرہ کے کاموں کاایک خاکہ تیار کردیں، چناں چہ نومبر۱۸۹۴ء میں علامہ شبلی نے ایک مفصل خاکہ تیارکرکے بھیجا۔ ذیل میں علامہ کے مکاتیب اوریادداشتیں نقل کیے جاتے ہیں:

(۱)

عالی جناب!

فرمان عالی مورخہ یکم صفر ۱۳۱۲ھ علی گڑھ سے واپس ہوکر اعظم گڑھ میں جہاں میں آج کل مقیم ہوں ورود فرماہوا۔

۱۱– مولوی سید معین الدین حسنی معروف بہ نواب اقبال یارجنگ(م:۱۳/اپریل۱۹۰۳ء) بڑے ذی علم، ہوش مند اور شعر و ادب کے دل دادہ تھے۔ ذوق ادب وشعر بڑاپختہ تھا۔ خود بھی داد سخن دیتے تھے۔ تخلص اقبال تھا۔ ریاست حیدرآباد کے حکم رانوں اور نوابوں سے قریبی اورنج کے تعلقات تھے۔ اوردربار حیدرآباد سے انہیں اقبال یارجنگ کاخطاب بھی ملا تھا۔

عمادالملک سید حسین بلگرامی اور ملاعبدالقیوم کی کوششوں سے مجلس دائرۃ المعارف النظامیہ کا قیام عمل میں آیا۔ اوروہی اس کے روح رواں بھی رہے، چناں چہ اس ادارے نے بڑی خدمات انجام دیں۔ نواب اقبال یارجنگ کئی برس تک مجلس دائرۃالمعارف کے اعزازی میر مجلس رہے۔ ان کے اور علامہ شبلی کے درمیان جوخط وکتابت ہوئی اسے مولوی ہاشم ندوی صاحب نے **ماہ نامہ معارف** اعظم گڑھ مئی ۱۹۳۰ء میں شائع کرادیاہے۔

مجھ کو اس مجلس[۱۲] کی شرکت نہایت فخر و ابتہاج کے ساتھ منظور ہے۔ میں اس مجلس کے ساتھ مدت سے غائبانہ عقیدت رکھتا تھا۔ میرا سفر نامۂ ترکی جولائی سنہ حال میں شائع ہوا ہے، میں نے اس میں ایک مناسب موقع پر اس مجلس کا ذکر کیا ہے اور اس کی علمی فیاضیوں کا اعتراف کر کے لکھا ہے کہ جو کچھ اب تک ہوا ہے ہم اس سے زیادہ فیاضیوں کے امیدوار ہیں۔ مجلس کے دستور العمل اور دیگر کاغذات اب تک نہیں پہنچے۔ان کے آنے پر میں اپنی تجویزوں کو ایک مفصل یادداشت کی صورت میں پیش کروں گا۔فقط

شبلی نعمانی

از مقام اعظم گڑھ

۱۵/اگست ۱۸۹۴ء[۱۳]

(۲)

عالی جناب!

نامہ والا معۂ قانون دائرۃ المعارف ورود فرما ہوا۔ میں اس وقت وطن میں ہوں اور سامان علمی میرے پاس جو کچھ ہے علی گڑھ میں ہے۔ ۲۵/اکتوبر ۱۸۹۴ء کو کالج کھلے گا اس وقت ایک مفصل یادداشت مجلس مذکور کے متعلق تیار کر کے ارسال خدمت عالی کروں گا۔اس میں ضروری مطالب یہ ہوں گے۔

۱۔ تصریح و تعیین کتب ائمہ فن قابل طبع۔

۲۔ ان کتابوں کی مختصر کیفیت جن سے اس کی خوبی اور ندرت کا اندازہ ہو۔

۳۔ تعیین مقامات جہاں سے وہ کتابیں دستیاب ہو سکتی ہیں۔

۴۔ طریقۂ اشاعت کتب مطبوعہ جو مجلس کے سرمایہ کی ترقی کا سبب ہو۔

۱۲۔ دائرۃ المعارف النظامیہ ریاست حیدرآباد کا مشہور اور مایہ ناز اشاعتی مرکز تھا۔ یہاں سے بے شمار قدیم عربی مصادر کتب و مراجع اور ان کے تراجم شائع ہوئے۔

دائرۃ المعارف النظامیہ ۱۸۸۰ء میں نواب عماد الملک سید حسین بلگرامی، ملا عبدالقیوم اور مولانا انوار اللہ خاں کی تحریک اور کوششوں سے قائم ہوا اور اس کی بڑی عظیم الشان خدمات ہیں۔

۱۳۔ **ماہ نامہ معارف**،(اعظم گڑھ)، مئی ۱۹۳۰ء۲۵: ۵، ۳۶۸۔ مشتاق حسین، مصدرِ سابق، ۱۴۶-۱۴۷۔

سفر نامہ بذریعہ ویلیو پیبل ارسال خدمت عالی ہوا۔ فقط

شبلی نعمانی
از مقام اعظم گڑھ
۱۲؍ستمبر ۱۸۹۴ء[۱۴]

(۳)

یادداشت برائے دائرۃ المعارف النظامیہ

دفعہ ۱: میں نے جو یادداشت مجلس دائرۃ المعارف کے لیے تیار کی ہے، اس کا پہلا حصہ یہ ہے۔ اگر چہ یہ حصہ صرف قرآن مجید کے متعلق تصنیفات سے متعلق ہے، لیکن وہ اصول جو اس یادداشت کے ہر حصے سے یکساں تعلق رکھتا ہے۔ اس موقع پر ظاہر کر دینا ضروری ہے۔

دفعہ ۲: میرے نزدیک مجلس کا جو مقصد سب سے زیادہ مہتم بالشان ہونا چاہیے، وہ یہ ہے کہ قدما کی تصنیفات زندہ کی جائیں، کیوں کہ یہ امر عین الیقین کے درجے تک پہنچ گیا ہے کہ فن کے اصلی مسائل انھی کی تصنیفات میں ملتے ہیں اور متاخرین کی طبع آزمائیاں زیادہ تر ان امور پر مقصود ہوتی ہیں جو محض خارجی ہیں اور جن سے اصل فن پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔ اس کے علاوہ قدما کی تمام تصنیفات کا عام انداز مجتہدانہ ہوتا ہے اور اس وجہ سے ان کی تصنیفات سے مطالعہ کرنے والوں میں اجتہادی مذاق پیدا ہو سکتا ہے، بخلاف اس کے متاخرین کی تصنیفات تقلید کے محدود دائرے سے کبھی باہر نکلنے نہیں دیتیں۔ اس امر کے بیان کرنے کے بعد میں اصل مقصود کی طرف رجوع کرتا ہوں یعنی جو اس حصۂ یادداشت کا خاص مقصد ہے۔

یہ امر نہایت افسوس کے قابل ہے کہ آج کل جب کہ عربی علوم وفنون کی خدمت بڑی سرگرمی سے کی جارہی ہے اور جب کہ سیکڑوں عزیز الوجود تصنیفات چھپ کر شائع ہو رہی ہیں، قرآن مجید کے ساتھ نہایت کم اعتنا کیا گیا ہے؛ نہ قرآن مجید کی نادر تفسیریں چھاپی گئیں اور نہ وہ کتابیں جو صرف قرآن مجید کی بلاغت وفصاحت یا مسائل کلامیہ یا احکام فقہیہ پر لکھی گئی ہیں۔ ان میں سے کوئی کتاب شائع نہیں کی گئی ہے۔ بے شبہ اس قسم کی کتابیں فی نفسہا کم ہیں تاہم ہیں اور ان کے شائع ہونے سے قرآن مجید کے متعلق بہت سی نئی معلومات کا ذخیرہ مہیا ہو جائے گا، ان میں سے جو خود میری نگاہ سے گزری ہیں، ان کو میں ذیل میں لکھتا ہوں۔

۱۴۔ **ماہ نامہ معارف**، مئی ۱۹۳۰ء، ۳۶۸۔ ۳۶۹، مشتاق حسین، مصدرِ سابق، ۱۴۷۔۱۴۸۔

بصائر ذوي التمييز في لطائف القرآن العزيز: یہ کتاب صاحب قاموس کی تصنیف ہے۔ وہ ہر سورہ کے متعلق وجوہ ذیل سے بحث کرتا ہے:

۱۔ سورہ کی اساس کن مضامین پر ہیں اور کیا مضامین اس میں ضمناً آ گئے ہیں۔ اس کے ثبوت میں وہ خاص خاص آیتوں کو پیش کرتا ہے۔

۲۔ اس سورہ میں جن مضامین کو بیان کیا گیا ہے وہی مضامین جو دوسری سورتوں میں مختلف عبارتوں میں بیان کیے گئے ہیں، ان کے اختلاف الفاظ کی وجہ اور یہ خاص پیرایہ کے ساتھ کیا وجوہ بلاغت مخصوص ہیں۔

۳۔ احکام فقہیہ وغیرہ۔

اس کتاب کے دوسرے حصے میں صرف ان الفاظ سے بحث کی ہے جو قرآن مجید میں مختلف معنوں میں مستعمل ہوئے ہیں۔ اس کتاب کی ضخامت پانچ چھ سو صفحوں کی ہے اور کتب خانہ عاشر آفندی قسطنطنیہ میں موجود ہے۔ میں نے اس کتاب کو بغور پڑھا ہے، بے مثل کتاب ہے۔

أسرار التنزيل :امام رازی کی تصنیف ہے ۔ صرف ان آیتوں سے بحث کی ہے جو مسائل کلامی یا حقیقت و معارف سے متعلق ہیں، نہایت عمدہ کتاب ہے، کتب خانہ خدیو میں ہے، ضخامت تقریباً چار سو صفحہ

إعجاز القرآن باقلانی: اعجاز قرآن کے متعلق جس قدر کتابیں لکھی گئیں ہیں، سب میں عمدہ ہے۔ ابو بکر عربی نے اس کی نسبت میں کہا ہے لم يُصَنَّفْ مِثْلُه، ضخامت تقریباً تین سو پچاس صفحہ۔ کتب خانہ خدیو میں ہے۔

روضة البلاغة: قرآن مجید میں جو مضامین ہیں اور اس قسم کے مضامین جو شعرائے جاہلیت یا مخضرمین کے ہاں بندھے ہیں، ان کا موازنہ اور قرآن مجید کی ترجیح وجوہ بلاغت کے لحاظ سے، اس کا مصنف چھٹی صدی عیسوی کے آغاز میں تھا، کتب خانہ خدیو میں ہے۔ ضخامت قریباً تین سو صفحہ

إعجاز القرآن، لابن ابی اصبع: مولوی خدا بخش خاں پٹنوی[۱۵] کے کتب خانے (خدا بخش اور نٹل

۱۵۔ مولوی خدا بخش خاں (۱۹۰۸ء–۱۸۴۲ء) خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ کے بانی۔ سیوان بہار میں پیدا ہوئے۔ قانون کی تعلیم حاصل کی۔ وکالت کا شغل اختیار کیا، حیدر آباد میں جج کے عہدہ پر فائز رہے۔ کتب خانہ کے قیام اور اس کی حفاظت اور ترقی کی کوششوں نے انہیں بڑی عزت بخشی۔

پبلک لائبریری پٹنہ) میں ہے۔ ان کے سوا اگر **نظم القرآن** عبدالقادر جرجانی۔ **نظم القرآن** جاحظ، **إعجاز القرآن** امام رازی، میسر آسکیں تو ان مذکورہ بالا کتابوں پر بھی ترجیح ہے۔

دلائل الإعجاز عبدالقادر جرجانی میں بھی اکثر قرآن مجید کے حوالے ہیں اور یہ کتاب کتب خانہ اسعد آفندی واقع قسطنطنیہ میں موجود ہے۔

نقل و کتابت کا انتظام مصر سے بہ آسانی ممکن ہے اور آپ غالباً قسطنطنیہ سے بوجہ احسن انتظام کر سکیں۔
اگر میری اس مختصر یادداشت پر کچھ لحاظ کیا گیا تو مجھ کو زیادہ ہمت ہو گی اور فن ادب و حدیث و تاریخ کے متعلق مفصل یادداشتیں پیش کروں گا۔

شبلی نعمانی

از علی گڑھ، ۲۳ نومبر ۱۸۹۴ء[۱۶]

(۴)

بعالی خدمت جناب نواب اقبال یار جنگ بہادر
معتمد مجلس دائرۃ المعارف النظامیہ

مراسلہ مورخہ ۱۱ رجب ۱۳۱۲ھ موصول ہو کر باعث شرف و افتخار ہوا۔ مجھ کو خوشی ہے کہ میری یادداشت مورخہ ۲۳ ستمبر (نومبر) ۱۸۹۴ء معرض قبول میں آئی اور قابل لحاظ خیال کی گئی۔ متعاقب و قتاً فوقتاً اور علوم وفنون کے متعلق اس قسم کی یادداشتیں اور معروضات ارسال ہوتی رہیں گی۔ چوں کہ مراسلہ سامی میں کتب کی اشاعت و فروخت کے متعلق استفسار ہوا ہے، اس لیے اس عریضے میں اس کے متعلق کچھ گذارش کرتا ہوں۔

اخبارات کے ذریعے کتابوں کا جو اشتہار دیا گیا اگرچہ وہ خود ایک ناکافی تدبیر تھی، تاہم اس میں بھی کچھ کامیابی ہو سکتی تھی، بشرطے کہ اس تدبیر کو اچھی طرح برتا جاتا۔ جہاں تک مجھ کو معلوم ہے، بہت کم اخباروں میں اشتہارات دیے گئے اور دیے بھی گئے تو صرف ایک ایک، دو دو دفعہ۔ اَوَدھ اخبار، زمانہ، آزاد، نجم الاخبار، الوقت،

۱۶۔ **ماہ نامہ معارف**، مئی ۱۹۳۰ء ص ۳۶۹-۳۷۱۔

اخبار عام، اردو گائڈ یعنی دارالسلطنت وغیرہ وغیرہ اخباروں[۱۷] میں بکرّات و مرّات اشتہارات دینا چاہیے تھا۔ اشاعت کی اصلی تدبیر یہ ہے کہ ہندوستان کے وہ تاجر جو عربی کتابیں بیچتے ہیں اور جن کی آڑھتیں دور دور قائم ہیں، ان کے پاس ان کتابوں کے بہت سے نسخے رکھوا دیے جائیں اور ان کو فی صدی ۲۵ کمیشن دیا جائے۔ وہ اپنی سالانہ فہرستوں اور آڑھتوں کے ذریعے سے بہت آسانی سے کتابیں فروخت کر دیں گے، البتہ اعتماد اور اطمینان کے لیے ان سے کسی قسم کی ضمانت حاصل کرنی چاہیے۔ یہ تاجر ہمیشہ عربی کی بڑی بڑی کتابیں چھاپتے رہتے ہیں اور نکلتی جاتی ہیں۔ **دارقطني، تلخيص، الجبرا، فتح الباري**۔ کس قدر ضخیم کتابیں ہیں اور برابر فروخت ہوتی جاتی ہیں۔ اس قسم کے سوداگروں میں مولوی عبدالاحد مالک مجتبائی دہلی[۱۸] کا کارخانہ آج کل بڑھا ہوا ہے۔ اس کے ساتھ مصر و شام کے سوداگروں سے معاملہ کرنا چاہیے۔ ان میں سے دو شخص جن کے نام و پتہ ذیل میں درج ہے، ان سے خط کتابت کرنا مناسب ہو گا:

۱۔ سید عبدالواحد طوبی، قریب الجامعۃ الازہر قاہرہ، مصر[۱۹]

۲۔ شیخ عبدالباسط الانسی[۲۰] المکتبۃ الانسیہ، بیروت، سوریا یعنی شام، یہ لوگ جواب میں تصریح سے

۱۷۔ اس عہد کے متعدد اخبارات کا علامہ شبلی نے ذکر کیا ہے۔ ان میں:

۱۔ **ہفتہ وار اودھ اخبار** لکھنؤ، مدیر: منشی نول کشور، مالک مطبع نولکشور لکھنو، ۱۸۵۹ء میں جاری ہوا۔

۲۔ **ماہ نامہ زمانہ کان پور**۔ مدیر: منشی دیانرائن نگم

۳۔ **اخبار آزاد** لکھنؤ۔ مدیر: حافظ احمد علی شوق قدوائی

۴۔ **روزنامہ نجم الاخبار**، میرٹھ۔ مدیر: محمد حیات۔ ۱۸۶۳ میں جاری ہوا۔

۵۔ **ہفتہ وار الوقت**، گورکھپور، مدیر اور مالک مولوی محمد سعید زار تھے۔ ۱۸۹۲ء میں جاری ہوا تھا۔

۶۔ **ہفت روزہ اخبار عام**، لاہور، مدیر: گوپی ناتھ

۷۔ **ہفتہ وار، دارالسلطنت** کولوٹولہ کلکتہ سے نکلتا تھا۔ ۴ مئی ۱۸۸۱ء کو شیخ احسان اللہ سوداگر دہلوی نے جاری کیا تھا۔ مدیر اور مہتمم مہتر اپرشاد تھے۔

۱۸۔ مولوی عبدالاحد مالک مطبع مجتبائی دہلی سے علامہ شبلی کے مراسم کتابوں کی خرید و فروخت کے سلسلے سے قائم ہوئے۔ ندوہ کے ایک اجلاس میں شرکت کے لیے علامہ شبلی اور مولانا ابوالکلام آزاد تشریف لے گئے تو انھوں نے بڑی ضیافت کی۔ مکاتیب شبلی اور دیگر مقامات پر بھی ان کا نام آیا ہے۔

۱۹۔ یہ مصر میں عربی کتابوں کے ایک تاجر تھے۔

۲۰۔ شیخ عبدالباسط الانسی: یہ بیروت میں کتابوں کے تاجر تھے۔

لکھیں گے کہ ان کو کس طرح پر معاملہ کرنا منظور ہے ان کے اعتبار اور راست معاملگی کی میں قطعی شہادت دیتا ہوں۔ کارکنان مطبع میں سے ایک شخص خاص اس قسم کے کاموں کے لیے مامور ہونا چاہیے۔

شبلی نعمانی

۲۰/ جنوری ۱۸۹۵ء[۲۱]

انجمن اسلام جنجیرہ

نواب جنجیرہ ،نواب سید احمد سدی اوران کی اہلیہ نازلی رفیعہ بیگم اوران کے خانوادے کے متعدد افراد سے علامہ شبلی کے بڑے گہرے مراسم تھے۔ نواب صاحب نے علامہ شبلی کو انجمن اسلام مروڈ جنجیرہ میں لکچر کے لیے مدعو کیا، چناں چہ وہ ۱۲/ اکتوبر ۱۹۰۹ء کو جنجیرہ گئے اور ۱۳/ اکتوبر ۱۹۰۹ء کو قلعہ کے مدرسے میں لکچر دیا۔ یہ لکچر کس موضوع پر تھا اس کی تفصیل معلوم نہ ہو سکی۔

۱۴/ اکتوبر ۱۹۰۹ء کو علامہ شبلی نے انجمن اسلام جنجیرہ کا معائنہ کیا اور کتاب الرائے میں اپنے تاثرات قلم بند کیے۔ **آثار شبلی** کی تصنیف کے زمانے میں وہ تاثرات راقم کو ملے تو اسے اولاً **آثار شبلی** میں شامل کیا گیا۔ اہمیت کے پیش نظر یہاں بھی درج کیا جاتا ہے۔

مجھ کو یہ معلوم کر کے نہایت خوشی ہوئی کہ ایسے چھوٹے سے دورافتادہ مقام میں جیسا کہ یہ جزیرہ ہے، ایک انجمن قائم ہے، جس نے اپنا مقصد مسلمان بچوں کا تعلیم دلوانا قرار دیا ہے اور اس غرض سے اس نے ایک بورڈنگ ہوس کھولا ہے، جس میں تقریباً ۲۳ بچے مقیم ہو کر اسکول میں تعلیم پاتے ہیں مسلمانوں میں اشاعت تعلیم کا اس سے بہتر کوئی ذریعہ نہیں کہ ہر جگہ اسلامی بورڈنگ کھولے جائیں اور سرکاری مدارس میں تعلیم دلائی جائے۔

انجمن نے اس مقصد کے لیے دو برس کی قلیل مدت میں آٹھ ہزار روپے جمع کیے، جو ایک صریح اور بین کام یابی ہے۔ ۱۳/ اکتوبر ۱۹۰۹ء کو میں نے بورڈنگ ہوس اور طلبہ کو دیکھا، چوں کہ انجمن نے مجھ سے لکچر دینے کی خواہش کی تھی اور وقت کم تھا اس لیے میں طلبہ کی طریق ماند و بود کو نہ دیکھ سکا۔ وہ صاف ستھرے نظر آتے تھے اور ان کی صورتوں سے زندہ دلی اور ہوشیاری محسوس ہوتی تھی۔

ایک ایسا بورڈنگ جس کے کارکن ایسے مستعد ہوں اور جس کو ہز ہائنس جیسا روشن خیال والیٔ ملک اور ہر

۲۱- **ماہ نامہ معارف** اعظم گڑھ، مئی ۱۹۳۰ء، ۱۷-۳۷۲-۳۷۳۔ مشتاق حسین، **باقیات شبلی**، ۱۵۱-۱۵۳۔

ہائنس جیسی تعلیم یافتہ رئیسہ ہات آئے۔ ہر قسم کی ترقی کی صحیح امید کر سکتا ہے۔

خاکسار

شبلی نعمانی

۱۴/ اکتوبر ۱۹۰۹ء

ہندوستانی دواخانہ دہلی

مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں(۱۸۶۸ء-۱۹۲۷ء) کے عظیم الشان کارناموں میں ایک ہندوستانی دواخانہ دہلی کی سرپرستی اور اس کی ادویات میں اضافہ بھی ہے۔ اس دواخانے میں سیکڑوں ادویات تیار کی جاتی تھیں اور وہ تمام ہندوستان میں فروخت ہوتی تھیں۔ دواؤں کی تجارت سے جو نفع ہوتا تھا، وہ طبیہ کالج دہلی پر صرف ہوتا تھا۔

۱۹۱۱ء میں ہندوستانی دواخانہ دہلی کی ادویات کی ایک مفصل فہرست شائع ہوئی ہے۔ اس میں علاوہ دیگر تفصیلات کے دواخانے کے متعلق اہل علم اور دانش کی آرا و خیالات بھی نقل کیے گئے ہیں۔ ان دانش وروں میں ایک نام یگانہ عصر علامہ شبلی نعمانی کا بھی ہے۔ انھوں نے لکھا ہے کہ

> میں نے ہندوستانی دواخانہ کو مارچ ۱۹۱۰ء میں دیکھا اور دیر تک دیکھنے میں مصروف رہا۔ میں نے ہندوستان میں کوئی دواخانہ اس سروسامان اور اتنے پیمانہ کا نہیں دیکھا۔ مفرد دوائیں نہایت عمدہ مہیا کی جاتی ہیں اور مرکب دوائیں نہایت احتیاط اور طبی اصول سے تیار کرائی جاتی ہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ جناب حاذق الملک دام فیضہ جس کارخانہ کے نگراں و مربی ہوں، اس کی خوبی و عمدگی میں کس کو کلام ہو سکتا ہے؟[۲۲]

نظارۃ المعارف القرآنیہ، دہلی

مشہور عالم دین اور نامور مجاہد آزادی مولانا عبید اللہ سندھی (۱۸۷۲ء-۱۹۴۴ء) نے دہلی میں ایک ادارہ "نظارۃ المعارف القرآنیہ" کے نام سے قائم کیا تھا۔ ان سے علامہ شبلی نعمانی کے گہرے مراسم تھے۔ خط و کتابت کا سلسلہ بھی رہا۔ علامہ شبلی نعمانی ان کی روشن خیالی اور سیاسی بصیرت کے بھی بڑے معترف و مداح تھے۔ مولانا مفتی محمد شفیع صاحب (۱۸۹۷ء- ۱۹۷۶ء) نے لکھا ہے کہ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی(۱۸۶۳ء- ۱۹۴۳ء) نے اپنی ایک مجلس میں فرمایا کہ مولانا عبید اللہ سندھی نے جب دہلی میں ادارہ نظارۃ المعارف القرآنیہ قائم کیا اور تھانہ بھون آئے تو انھوں نے فرمایا کہ میں علامہ شبلی سے ملا تو ان سے مسلمانوں کی عام بے راہ روی، پریشانی اور مبتلائے آفات کا تذکرہ

۲۲- **ہندوستانی دواخانہ کی فہرست ادویات** (دہلی: پبلک پرنٹنگ پریس، ۱۹۱۱ء)، ۹۳۔

ہوا۔ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کی نظر میں قوم کی اصلاح کی تدبیر کیا ہے؟ علامہ شبلی نے کہا کہ

قوم کی اصلاح صرف وہ لوگ کر سکتے ہیں جن کا قوم پر مکمل اثر ہو اور یہ اثر بغیر تقدس کے نہیں ہو سکتا اور تقدس بغیر تقویٰ اور کثرت عبادت و ذکر اللہ کے حاصل نہیں ہو سکتا۔[۲۳]

ان دونوں بزرگوں کے درمیان تعلقات اس وقت قائم ہوئے جب وہ دونوں ۱۹۱۰ء میں مدرسۃ الاصلاح سرائے میر کے سالانہ جلسے میں شرکت کے لیے تشریف لائے تھے۔ مولانا سید سلیمان ندوی نے لکھا ہے:

یہیں مولانا مرحوم اور مولانا عبید اللہ صاحب سندھی میں پہلی ملاقات ہوئی اور تخلیہ میں گفت گوئیں ہوئیں اور ایک نے دوسرے کو پہچانا۔ اس تعارف میں شاید اس واقعہ کو بھی دخل ہو کہ مولانا حمید الدین صاحب (فراہی) مدت تک کراچی میں رہے تھے اور مولانا عبید اللہ صاحب سندھی سے اور ان سے وہاں ملاقاتیں رہتی تھیں۔ دونوں میں قرآن پاک کے درس اور غور و فکر کا ذوق مشترک تھا۔[۲۴]

مولانا عبید اللہ سندھی پر علامہ شبلی کو بڑا اعتماد تھا۔ ان کی اخیر زندگی میں **سیرۃ النبیؐ** کے خلاف بعض علما نے جب واویلا مچایا تو علامہ شبلی نے **سیرۃ النبیؐ** کا مسودہ انھیں کو دیا تھا کہ مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی (۱۸۵۱ء– ۱۹۲۰ء) کو دکھا کر اعتماد حاصل کریں، مگر انھوں نے سرے سے مسودہ **سیرۃ النبیؐ** دیکھا ہی نہیں یا دیکھنے سے منع کر دیا۔ یہ ایک الگ قضیہ ہے تاہم ان پر بہر حال علامہ شبلی کو بڑا اعتماد تھا۔

مولانا عبید اللہ سندھی (۱۸۷۲ء–۱۹۴۴ء) نے دہلی میں نظارۃ المعارف القرآنیہ جب قائم کیا تو علامہ شبلی اسے دیکھنے کے لیے دہلی گئے (غالباً ان کی فرمائش پر) اور اس پر اپنے تاثرات بھی لکھے جو اس وقت کے بعض اخبارات میں شائع ہوئے۔ ان کی یہ تاثراتی تحریر **روزنامہ پیسہ اخبار** لاہور میں شائع ہوئی ہے۔ علامہ شبلی لکھتے ہیں:

نظارۃ المعارف القرآنیہ کے مقاصد قوم کے گوش گذار ہو چکے ہیں اور میرے دل کی یہ بات ہے کہ میں ان مقاصد کو اہم المقاصد خیال کرتا ہوں۔ اس کے ساتھ اس کا بھی یقین رکھتا ہوں کہ موجودہ زمانہ میں مولوی عبید اللہ صاحب ہی صرف وہ شخص واحد ہیں جو ان مقاصد کو انجام دے سکتے ہیں۔ ان کی ذات خود ایک مدرسہ اور دارالعلوم ہے۔ وہ جہاں بیٹھ جائیں اس کو نظارۃ المعارف کہہ سکتے ہیں۔ میں نے ۲۹/مارچ ۱۹۱۴ء کو اس کی درس گاہ کو دیکھا، ایک مختصر سا کمرہ فتح پوری کی مسجد کے ہال میں ہے جو داخل مسجد ہے۔ چند طلبہ اس وقت مصروف درس تھے، میں نے حیرت سے دیکھا کہ چند گریجویٹ جن کے لیے زمین پر بیٹھ کر سبق پڑھنا نہایت نفس کشی کا کام ہے، بڑے شوق سے اس نفس کشی میں مشغول ہیں۔ اس سلسلہ سے بہت سی امیدیں ہیں، میرا جو خیال تھا کہ زمانۂ حال کے موافق علما پیدا کیے جائیں، انگریزی خوانوں کو عالم بنایا جائے وہ اسی طریقہ سے پورا ہو سکتا ہے اور ہو رہا ہے۔ خدا مولوی صاحب موصوف کو جزائے خیر دے اور ندوہ کو چشم

۲۳– **ماہ نامہ البلاغ**، (کراچی)، مارچ ۱۹۷۰ء، ۳۹–۴۰۔

۲۴– ندوی، **حیات شبلی**، ۶۳۰۔

بصیرت کہ جو کام اس نے پیش نظر رکھا تھا وہ یہاں ہو رہا ہے۔

شبلی

یکم اپریل ۱۹۱۴ء[۲۵]

مولانا سید سلیمان ندوی نے لکھا ہے کہ

شاید ۱۹۱۲ء میں مولانا عبیداللہ صاحب سندھی نے اس کا نام (نظارۃ المعارف القرآنیہ) سے ایک قرآنی درس گاہ کی بنیاد مسجد فتح پوری میں ڈالی تھی، جس کا مقصد سند یافتہ عربی طلبہ اور مسلمان گریجویٹوں کو قرآن پاک کی تعلیم دینا تھا۔ ۱۹۱۴ء کی بڑی لڑائی (جنگ عظیم) میں مولانا عبیداللہ صاحب وغیرہ نے جب ہندوستان کو چھوڑا تو یہ ادارہ بند ہو گیا۔ [۲۶] علامہ شبلی نے نظارۃ المعارف القرآنیہ کی جو معائنہ رپورٹ لکھی ہے، اس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ ادارہ ان کے تعلیمی نقطۂ نظر اور مشن کے مطابق تھا اور سید صاحب نے بھی لکھا ہے کہ "ندوہ کیا ہے؟ موجودہ زمانہ کے مقابلہ میں مذہب کی حمایت۔ یہ احساس عام ہو چلا ہے کہ معارف قرآنیہ دہلی اسی رفتار کا ایک قدم ہے۔ [۲۷]

نظارۃ المعارف، بھوپال

علامہ شبلی کا یہ مشہور تاریخی قطعہ اہل علم کو یاد ہوگا جو انھوں نے **سیرۃ النبی ﷺ** کی تصنیف میں بیگم بھوپال سلطان جہاں (۱۸۵۸-۱۹۳۰) کی ہر طرح کے تعاون کی یقین دہانی پر خوش ہو کر کہا تھا:

مصارف کی طرف سے مطمئن ہوں میں بہر صورت
کہ ابر فیض سلطانِ جہاں بیگم زرافشاں ہے
رہی تالیف و تنقید روایت ہائے تاریخی
تو اس کے واسطے حاضر مرا دل ہے مری جاں ہے
غرض دو ہاتھ ہیں اس کام کے انجام میں شامل
کہ جس میں اک فقیر بے نوا ہے ایک سلطاں ہے

اس قطعے اور **سیرۃ النبی ﷺ** میں تعاون کی یقین دہانی سے بہت پہلے فروری مارچ ۱۸۹۸ء میں علامہ شبلی کے دوست نواب سید علی حسن خاں (۱۸۶۲ء-۱۹۳۶ء) جب بھوپال میں ریاست کے محکمہ تعلیمات کے

۲۵- **روزانہ پیسہ اخبار**، (لاہور)، ۱۱/اپریل ۱۹۱۴ء، ۳۔

۲۶- ندوی، مرجع سابق، ۲۰۳، حاشیہ۔

۲۷- ندوی، مرجع سابق، ۲۰۳۔

ڈائرکٹر منتخب ہوئے تو انھوں نے بھوپال کے مدارس کی اصلاح و تنظیم کے لیے ایک تعلیمی مجلس نظارۃ المعارف قائم کی اور مقامی اراکین کے علاوہ دو بیرونی علما کو رکن نامزد کیا؛ ان میں ایک مولانا ابراہیم صاحب آروی بانی مدرسہ احمدیہ آرہ اور دوسرے علامہ شبلی نعمانی شامل تھے، چناں چہ علامہ شبلی نے بھوپال کا سفر کیا اور نظارۃ المعارف کی مجلس شوریٰ میں شرکت کی اور پھر علی گڑھ واپس آکر مدارس بھوپال کی تنظیم نو کے لیے ایک یادداشت تیار کی۔ یہ یادداشت محفوظ ہے اور سید صاحب نے اسے **حیات شبلی** میں اصل سے نقل کیا ہے جو آج بھی اس لائق ہے کہ مدارس و مکاتب کے ذمہ داران کو اس کا ایک بار مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔ اسی غرض سے علامہ شبلی کے قلم کی اس یادگار مفصل یادداشت کو یہاں نقل کیا جاتا ہے۔

دستورالعمل وہدایات برائے مدرسین

علامہ شبلی نے مدارس اور اساتذہ کے لیے درج ذیل دستور اور ہدایات تیار کیں:

دفعہ ۱: تمام مدرسین کو ضرور ہو گا کہ وقت معین پر مدرسہ میں آئیں۔

۲: ایک حاضری کی کتاب مدرس اول کے کمرے میں موجود ہو گی، ہر مدرس مدرسہ میں آنے کے ساتھ اپنی حاضری اپنے قلم سے اس میں لکھ دے گا، اس کتاب میں تاریخ دن وقت نام اور دست خط کے خانے ہوں گے (پنجاب میں یہ طریقہ عموماً جاری ہے۔)

۳: ہر مدرس اپنے طلبہ کی حاضری لے گا جو طالب العلم غیر حاضر ہو اس پر جرمانہ اور دیر میں آئے تو خفیف تنبیہ کرے گا۔

۴: کسی مدرس کو جائز نہ ہو گا کہ اوقاتِ مدرسہ میں (بجز کسی اتفاقیہ خاص ضرورت کے) مدرسہ سے باہر جائے یا ان اوقات میں کوئی شخص اس سے ملنے آئے۔

۵: مدرسین کو ایک دن کی رخصت دینے کا اختیار مدرس اعلیٰ کو ہو گا اور اس سے زیادہ کے لیے بہ توسط مدرس اعلیٰ کے سرشتۂ تعلیم کے افسر کے پاس درخواست بھیجنی ہو گی۔

۶: جو مدرس کسی دن مدرسہ میں نہ آئے تو ضرور ہو گا کہ وہ رخصت کی درخواست پہلے بھیج کر منظوری حاصل کر لے۔

۷: تعلیم نقشۂ انضباطِ اوقات کے موافق دی جائے گی اور ہر مہینے کے اخیر میں ایک کتاب میں جو اسی غرض کے لیے تیار کی جائے گی، ہر مدرس کو یہ درج کرنا ہو گا کہ اس مہینے میں ہر صف کو کس قدر تعلیم دی گئی۔

۸: ہر مہینہ کے اخیر میں ہر مدرس اپنے طلبہ کا امتحان لے گا اور تاریخ امتحان ایک کتاب میں درج کرلے گا۔

۹: امتحانات نہایت احتیاط کے ساتھ بلارورعایت لیے جائیں گے۔(۲۸)

ان ہدایات کے لیے علامہ شبلی نے ایک جدول بھی تیار کیا، جو درج ذیل ہے۔

نقشۂ انضباطِ اوقات بہ تعیین مدرسین

(جدول اور خانے وہاں بنالیے جائیں)

درجہ	۱۰–۱۱	۱۱–۱۲	۱–۲	۲–۳	۳–۴
اول	صرف	حساب	فارسی	صرف	املاوتحریر
دوم	فارسی	صرف	حساب	املاوتحریر	نحو
سوم	نحو	منطق وادب	تاریخ وعقائد	عربی انشاپردازی	حساب
چہارم	حساب	منطق ومناظرہ	فقہ	حدیث وفرائض	ادب
پنجم	فلسفہ ومنطق	فقہ واصول	عقائدوتاریخ	حساب	ادب
ششم	منطق	حساب	فلسفہ	عروض ومعانی	ادب

۱– یہ نقشہ نصاب تعلیم اور تعدادِ مدرسین کی مناسبت پر مبنی ہے۔

۲– ادب کا ہر روز ایک گھنٹہ رکھا گیا ہے۔

۳– جمعرات کے دن صرف دو گھنٹے جو ہیں اس میں کم ضروری مضامین کو نکال دیا جائے۔

دفعۂ دوم میں آپ نے لکھا ہے کہ "طلبہ کو عربی لکھنی نہیں آتی، اس کے لیے طرزِ تعلیم کے قواعد مقرر ہونے چاہییں، یہ امر قاعدے کے نیچے نہیں آسکتا، بلکہ مدرسین کے ادبی مذاق پر موقوف ہے، لیکن اس کی تدبیر سردست یہ ہونی چاہیے کہ نقشۂ انضباطِ اوقات میں املا و تحریر اور ادب کا ہر روز جو ایک گھنٹہ رکھا گیا ہے، اس میں ہمیشہ اردو سے عربی میں ترجمہ کرایا جائے، لیکن چوں کہ مدرسین خود عمدہ عربی نہیں لکھ سکتے ہوں گے اور اس لیے ان کی اصلاح چنداں مفید نہ ہوگی، اس لیے اس کا یہ طریقہ ہے کہ عربی کی ایک کتاب عمدہ عبارت کی جس میں قصے ہوں، پہلے مدرس صاحب اس کا صفحہ آدھ صفحہ اردو میں بامحاورہ ترجمہ کرکے وہی ترجمہ طلبہ کو دیں، پھر اصلاح میں اصل عبارت کے موافق اصلاح دیں، یا بالکل وہی وصل یا بہ تغیر یسیر، ہاں اس قدر ضرور چاہیے کہ طلبہ کی صرفی و نحوی اور محاورہ کی غلطیوں پر ان کو مطلع کردیا کریں۔

---

۲۸ –ندوی، مرجع سابق، ۳۴۲۔

دفعہ ۳: کا جواب **مقدمہ ابن خلدون** وغیرہ کے مضامین کا انتخاب میں خود کر کے کل پرسوں بھیجوں گا۔

دفعہ ۴: کا جواب، مختصر تاریخ ہندوستان، جہانگیری و صدیقی (دو مدرسوں کے نام) کے لیے **قصص الہند** مطبوعہ لاہور نہایت عمدہ اور دل چسپ کتاب ہے، اس کا اسلامی حصہ خاص مولوی محمد حسین آزاد کا لکھا ہوا ہے اور بہت ہی دل چسپ ہے، مسائل ضروری دینیات کے لیے کیاراہِ نجات کافی نہیں؟

دفعہ ۵: ہاں میں نے اپنے ریمارکوں میں بعض جگہ کتابوں کے نام نہیں متعین کیے تھے، وہ اب لکھتا ہوں، حسب ترتیب ریمارک۔

درجۂ دوم۔ سفر نامہ کے بجائے **ناسخ التواریخ** کا وہ حصہ جو پنجاب کے فارسی مڈل کلاس میں داخل ہے، وہ کورس منگوالیناچاہیے، **مخزن الفوائد** کے بہ جائے عبدالواسع کے آسان حصے۔

درجۂ چہارم: **شرح وقایہ** سے پہلے انتخاب جامع صغیر امام محمد، ادب کی کتاب اس درجہ میں **کلیلہ دمنہ**، ابن المقفع مطبوعہ بمبئی۔

درجۂ پنجم: **شرح هداية الحكمة** مولوی عبدالحق خیر آبادی مناسب ہے، مولانا لطف اللہ صاحب مفتی حیدرآباد نے اپنے کورس میں اسی کو منتخب کیا ہے۔

ملاحسن ہرگز نہیں رکھنا چاہیے بلکہ اس کے بہ جائے شرح سلّم، بحر العلوم مطبوعہ دہلی رکھنا چاہیے۔(یہ ریمارک پہلے رہ گیا تھا۔)

ادب کی کتاب اس درجے میں انتخاب **دیوان ابوالعتاہیہ**، مطبوعہ بیروت رکھنا چاہیے، ہاں یہ امر خاص قابل لحاظ ہے کہ تمام میں حساب کی کتاب **پی گھوش** کے بجائے **چکر ورتی** ارتھ میٹک رکھنی چاہیے، اب ادھر وہی متداول ہے، ہمارے کالج میں اور دوسرے کالجوں میں زیادہ تر اسی کا رواج ہے اور اس کو عموماً ترجیح دی جاتی ہے اردو میں اس کا ترجمہ ہو گیا ہے اور بار بار چھپ چکا ہے۔

فارسی کے درجے میں مجھ کو سخت اختلاف ہے، ایک کتاب بھی کام کی نہیں، منتخباتِ نظم و نثر تو تیار نہیں کہ اس کو دیکھ کر کوئی رائے دی جاسکے۔

مقاماتِ حمیدی میں نے دیکھی، بلکہ پڑھی ہے، وہ طرز بہ جز حمیدی (۸) کے پھر کسی نے اختیار نہیں کیا اور نہ اس طرز میں کوئی مفید مضمون ادا ہو سکتا ہے۔

تحفة الأحرار جامی: بالکل پست درجہ کی کتاب ہے، اس سے تو **مطلع الأنوار** خسرو کہیں اچھی ہے

اور خود جامی اس کے معترف ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ فارسی کے تین دور ہیں، قدما مثلاً فردوسی، عبدالواسع جبلی، منوچہری، اخیر میں انوری متوسطین مثلاً سعدی، سلمان ساؤجی، کمال اسماعیل، متاخرین، مثلاً نظیری، عرفی، ظہوری، طالب آملی، طالب کلیم ان تینوں طبقے کی ایک ایک دو دو کتاب پڑھانی چاہیے کہ طالب علم کو ایک عام بصیرت ہو، منوچہری، سلمان، کمال اسمٰعیل وغیرہ سب چھپ گئے ہیں۔

اس درجے میں تاریخ کی کتاب **نامہ خسرواں** موزوں ہے۔ جغرافیہ کی فارسی تصنیف **جام جم** ہے، لیکن وہ بڑی کتاب ہے اور ۱۳ روپے اس کی قیمت ہے۔ جغرافیہ اردو میں پڑھانا کافی ہے۔ تاریخ میں **روضۃ الاحباب** بھی اچھی ہے، گو عبارت معمولی ہے۔

سال دوم

سال سوم

چہارم

مخزن الفوائد اگر وہی قاعدہ کی کتاب ہے جو فائق کی تصنیف ہے تو وہ نہایت معمولی درجہ کی تصنیف ہے اور اس میں غایت درجہ کے ہندی شعرا کے اشعار بھرے ہیں۔

ھدایۃ النحو کی مدت تعلیم کم ہے روزانہ ایک صفحہ سے زیادہ نہیں پڑھانا چاہیے۔

میں **کافیہ** اور شرح ملا دونوں کو ناپسند کرتا ہوں، بہ جائے اس کے زمخشری کی **مفصل** ہوتی تو اچھا تھا، لیکن چوں کہ مولویوں کے نزدیک یہ کتاب نہایت ضروری اور معیارِ کمال ہیں، اس لیے مصلحتاً ان کو قائم رکھا جاسکتا ہے، اس سال **تاریخ الخلفاء** کے ۲۳۰ صفحے بہت ہیں۔ ۱۰۰ صفحے سے زیادہ نہیں ہوسکتے۔

رشیدیہ بے فائدہ ہے، مناظرہ کے فن کے لیے صرف اس کی اصطلاحیں اور امثلہ کافی ہیں، ایک مستقل فن بناکر اصل مسائل سے بعد ہوجاتا ہے۔ **رشیدیہ** کا متن کافی ہے، **مراقی الفلاح** کی کوئی ضرورت نہیں، **شرحِ وقایہ** سے پہلے کوئی

پنجم: آسان اور مختصر کتاب فقہ کی رکھنی چاہیے، ادب کی کوئی کتاب اس درجے میں نہیں ہے۔

شرح ھدایۃ الحکمت سے اگر **میبذی** مراد ہے، تو وہ درس میں رکھنے کے قابل نہیں، **الہیات میبذی** کے ۱۸۰ صفحے نہیں ہیں، بلکہ ساری کتاب بھی شاید اس قدر نہ ہو، اس درجے میں بھی ادب کی کوئی کتاب نہیں ہے۔

ششم، ہفتم: جب درجہ چہارم و پنجم میں کوئی کتاب ادب کی نہیں ہے تو اس درجے میں **مقاماتِ حریری** کیوں کر چل سکتی ہے۔

اس درجے میں فلسفۂ قدیم کی کوئی کتاب ہونی چاہیے، مثلاً **شرح الحكمة العين** کا کوئی حصہ، **مختصر المعاني** کے بہ جائے مفتاح سکاکی زیادہ مناسب ہے، بشرطے کہ علما ناراض نہ ہوں۔

درجہ ششم یا پنجم میں امام غزالی کے رسائل اربعہ یعنی **إلجام العوام والمنقذ من الضلال** وغیرہ رکھنا مناسب ہو گا۔[۲۹]

اس طویل یادداشت سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اس وقت جب علامہ شبلی ایم اے او کالج علی گڑھ میں پروفیسر تھے، وہ مدارس کی تعلیم و تربیت اور اس کے نظام و نصاب پر کس درجہ وسیع و عمیق نظر رکھتے تھے۔

علامہ شبلی نے اور بھی معائنے اور رپورٹیں لکھی ہوں گی مگر راقم کو یہی چند معائنے اور ان کی تحریر کردہ یادداشتیں مل سکیں۔ ان معائنوں اور رپورٹس کو یک جا پیش کرنے کا مقصد یہ دکھلانا ہے کہ علامہ شبلی کو جن علوم یا جن اداروں سے دل چسپی ہوتی تھی یا جن اداروں کے ذمے داروں نے ان سے خواہش کی ان کے متعلق وہ چاہتے تھے کہ اس سے سارا جہان واقف ہو اور بھرپور استفادہ کرے۔ اس سلسلے کی ان کی ایک اور بڑی خوبی یہ بھی تھی کہ وہ جن موضوعات یا معاملات کو اپنی ملت کے لیے بہتر خیال کرتے تھے ان کو تجاویز اور مشورے کے لیے بھی اخبارات و رسائل میں شائع کراتے تھے تا کہ ایک متحدہ اور متفقہ رائے قائم کی جاسکے۔ اس کے لیے انھوں نے متعدد مراسلے بھی اخبارات و رسائل میں لکھے ہیں جو راقم کی کتابیں **مراسلات شبلی** اور **افادات شبلی** میں ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

---

۲۹ - ندوی، مرجع سابق، ۳۴۲-۳۴۴۔

List of Sources in Roman Script

- *Akhbār-i ʿĀm* weekly, Lahore.
- *Aligarh Institute Gazette*, 24 February 1892.
- *Al-Waqt* weekly, Gorakhpūr.
- *Awadh Akhbār*, weekly, Lakhnau.
- *Āzād Daily,* Lakhnau.
- *Dār al-Salṭanat* weekly, Kalkattah.
- *Hindustānī Dāwākhāna kī Faḥrist-i Adwiyāt*. Dihlī: Public Printing Press, 1911.
- Ḥusayn, Mushtāq. *Bāqiyāt-i Shiblī*. Dihlī: Kitāb Ghar, 1964.
- Ḥusayn, Sayyid Aḥmad, murattib. *Rūydād-i Kutub Khāna Rāmpūr*, N.D.
- *Maʿārif*, Azamgarh, 34, No. 4.
- *Maḥnāmah al-Balāgh* monthly, Karachi.
- Nadvī, Sayyid Sulaymān. *Ḥayāt-i Shiblī*. Aʿẓamgarh: Dār al-Muṣannifīn, 2015.
- *Najm al-Akhbār daily,* Mirath.
- O'Conz, V. C. Scott. *Ek Mashriqī Kutub Khāna*. Tarjumah Sayyid Mubāriz al-Dīn Rafʿat. Alīgarh: Anjuman Taraqqī-yi Urdū, N.D.
- *Paisa Akhbār* daily, Lahore.
- *Zamānah* monthly, Kapur.